## ۱۰۔ آؤ، سبزی اُگائیں

گھر آنگن میں سبزی اُگاؤ — پھر سب مل کے مزے سے کھاؤ
پہلے جھٹ پٹ کیاری کھودو — پھر یہ ساری سبزی بو دو
کدّو ، کریلا ، اَروی ، آلو — بینگن ، ٹِنڈا اور رتالو
مؤلی ، گاجر ، شلغم ، توری — لال ، ہری اور گوری گوری
دھنیا ، مِرچیں ، لہسن ، اَدرک — ہریالی ہے ، آنکھ کی ٹھنڈک
اِدھر بھی کیاری کھودو رانی — اِس میں بو دو کچھ پودینا
جاؤ ، لوٹا لاؤ ، رانی — بیجوں کو دینا ہے پانی
لوکی بوئی ، کھیرا بویا — میتھی ، پالک ، بِھنڈی ، سویا
دیکھو تو کیا خوب مزہ ہے — سارا آنگن ہرا بھرا ہے
اس سے صحت ، دولت ، برکت — مہنگائی میں ہے یہ رحمت

جب بھی تم یہ سبزی کھاؤ
اپنے پڑوسی کو بھی کھلاؤ

(شام دُرّانی)

### مشقی سرگرمیاں

❁ دیکھو، پڑھو، لکھو۔

| | |
|---|---|
| آنگن (آں - گن) ........................ | سبزی (سَب - زی) ........................ |
| رتالو (رَ - تا - لو) ........................ | شلغم (شَل - غَم) ........................ |
| مہنگائی (مَہں - گا - ئی) ........................ | رحمت (رَح - مَت) ........................ |

❁ نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو۔



۱) کون سی سبزیاں بوئی جا رہی ہیں؟

۲) رینا کیا کرے گی؟

۳) رانی کیا لائے گی؟

۴) آنگن کیسا ہے؟

۵) سبزی کب رحمت ہے؟

❁ جملے کے سامنے دائرے میں ایک لفظ لکھو۔



۱) پہلے جھٹ پٹ کھودو ← ◯

۲) کیاری میں بودو ← ◯

۳) آنکھ کی ٹھنڈک ← ◯

۴) بیجوں کو دینا ہے ← ◯

۵) ہرا بھرا ہے ← ◯

❁ بے ترتیب حروف کو جوڑ کر صحیح لفظ بناؤ۔

۱) ت ح ص ح = ........................

۲) ل و د ت = ........................

۳) ب ک ت ر = ........................


۴) ح ت ر م = ........................

❁ سبزیوں کے ناموں کو حروفِ تہجی کی ترتیب میں لکھو۔ (الف سے شروع کرو)

میتھی ، پالک ، سویا ، بینگن ، اَروی ، توری ، لوکی ، گاجر



❁ دی ہوئی تصویروں میں جن سبزیوں سے کچومر بنایا جاتا ہے؟ ان کے آگے ✓ نشان لگاؤ۔



❁ نظم میں آئی ہوئی سبزیوں کی تعداد لکھو۔

❁ شعر مکمل کرو۔

| | |
|---|---|
| مولی ، گاجر ...................... | لال ، ہری اور ............... |
| دھنیا ، مرچیں ............... | ہریالی ہے .................... |
| جب بھی تم یہ ................ | اپنے پڑوسی .................... |

❁ ان سبزیوں کے نام لکھو جو اس نظم میں نہیں ہیں۔

## آؤ، کھیل کھیلیں

❁ تصویروں کی جگہ لفظ لکھ کر جملے دوبارہ لکھو۔

۱) شاہین  رہی ہے۔

۲) جمیل  رہا ہے۔


۳) عابد  رہا ہے۔

۴) گھوڑا  رہا ہے۔

۵) پرندے  رہے ہیں۔

❁ سبزیوں کو رنگوں سے جوڑو اور ہر ایک کے بارے میں دو دو جملے لکھو۔

جیسے : ٹماٹر : ٹماٹر کا رنگ لال ہوتا ہے۔ اسے کچومر میں استعمال کرتے ہیں۔

| سبزی ترکاری | رنگ |
|---|---|
|  | جامنی |
|  | سفید |
|  | ہرا |
|  | لال |
|  | خاکی |

❁ ان سبزیوں کے نام لکھو جو تم کو پسند یا ناپسند ہیں۔

❁ ان سبزیوں کے نام لکھو جو تمھارے گھر میں اکثر پکائی جاتی ہیں۔

❁ جوڑیاں لگاؤ۔

| | |
|---|---|
| نانی | ماں کے بھائی کی بیوی |
| ماموں | ماں کی بہن کا شوہر |
| خالہ | ماں کی والدہ |
| ممانی | ماں کی بہن |
| خالو | ماں کا بھائی |

**عملی کام :**

سبزیوں کا البم تیار کرو۔

2CK38H